1 تسالونیکیوں 4:1-8     زبور:96

مقدس متی 25:1-13

**’’دیکھو دلہا آتا ہے۔ اس کے استقبال کے لیے نکلو۔‘‘ مقدس متی 25:6**

اے شیریں یسوع مسیح اپنے ہر وفادار شاگرد کے دلہا: آج میں سب کچھ تیرے لئے خوشی اور ذمہ داری سے کرونگا۔ تو جو پہلے ہی میرے دل میں رہتا ہے۔ تو جانتا ہے کہ محبت کے کس عمل سے مجھے حیران کرنا ہے۔ میں تجھے قبول کرنے کو تیار ہوں۔





1 تسالونیکیوں 4:9-11     زبور 97

مقدس متی 25:14-30

**’’تو تھوڑے میں دیانتدار نکلا۔ میں تجھے زیادہ پر اختیار دونگا۔‘‘**

مقدس متی 25:21

میں کسی چیز کا مالک نہیں۔ سب کچھ یہاں تک کہ زندگی بھی باپ کی طرف سے عنایت ہوئی ہے۔ اور سب کچھ اس کے حیرت انگیز منصوبہ میں آتا ہے۔ اس لئے میں پوری ذمہ داری سے کام کرونگا۔ وہاں بلکہ آزادی اور خوشی سے جیسے ایک پیارا بیٹا اپنے باپ کے گھر میں۔

## مقدس گریگوری پاپائے اعظم

ارمیاہ 20:7-9 زبور 62

رومیوں 12:1-2 مقدس متی 16:21-27

**"یسوع مسیح نے پطرس سے کہا اے شیطان مجھ سے دور ہو۔" مقدس متی 16:23**

میں بھی محتاط رہونگا۔ میں یسوع مسیح کو کچھ نہیں سکھاؤنگا۔ بلکہ ہمیشہ حلیمی سے اس کے پیچھے رہونگا۔ پھر وہ مجھ پر نگاہ رکھے گا اور میری اصلاح کرے گا۔ اور میرے دل کو اپنے دل کی مانند بنانے کے لئے تبدیل کریگا۔ تا کہ میں دوسروں کو قبول کروں۔





1 تسالونیکیوں 4:13-18 زبور: 95

مقدس لوقا 4:16-30

**"روحِ خُداوند مجھ پر ہے۔" لوقا 4:18**

اے خُداوند یسوع مسیح روحِ خُداوند تیرے بھائی پر بھی ہے۔ کلیسیا میں، جو کہ تیرا بدن ہے۔ اس طرح وہ تیرے کلام کا پرچار کو کرنیوالا بن جائیگا۔ جس کو بھی تو اپنی راہ پر لگائیگا۔ وہ تیرا پرچار ایک مسکراہٹ اور تیرے کلام سے جو بھروسے سے لبریز ہے کریگا۔ جب تو خود اُن کے اندر آئے گا۔

## کلکتہ کی مقدسہ ٹریضہ

1 تسالونیکیوں 5:1-6,9-11 زبور:26

مقدس لوقا 4:31-37

**"یسوع مسیح نے سختی سے حکم دیا۔خاموش ہوجااوراس آدمی سے نکل جا"۔مقدس لوقا 4:35**

یسوع مسیح اپنے کلام سے ایک آدمی سے بدروح نکالتا ہے۔جو اسے خداوند یسوع مسیح کی سننے سے اور یسوع کی اچھائی دیکھنے سے منع کرتی تھی۔اے یسوع مسیح تیرا شکریہ۔تو مجھ سے بھی جو تیرا بھائی ہوں۔وہ روح نکالتا ہے۔ جو مجھے تجھ سے دور رکھتی ہے۔





کلسیوں 1:1-8 زبور:51

مقدس لُوقا 4:38-44

**"یہ ضروری ہے کہ میں خدا کی بادشاہی کی خوشخبری دوں۔"لوقا 4:43**

یسوع مسیح کی طرح مجھے بھی باپ کی سننے کی ضرورت ہے۔تا کہ اس کی مرضی کا آزادی سے انسانی شرائط کے بغیر پرچار کرسکوں۔اے روح القدس آج اور ہمیشہ خدا کی بادشاہت کو پھیلانے کے لئے میری رہنمائی کر جو ہرانسان کی حقیقی خوشی کا سرچشمہ ہے۔

کلسیوں 14-9:1 زبور: 97

## مقدس لُوقا 11-1:5

### ''وہ کشتی پر سے ہجوم کو سکھایا کرتا تھا۔'' مقدس لُوقا 3:5

یسوع مسیح کی ایک ہی خواہش ہے۔ کہ سب باپ کی محبت کو جانیں اور اس طرح حقیقی زندگی گزاریں۔ اس لئے وہ تصوراتی انداز اختیار کرتا ہے۔ مدد کے لئے پوچھتا ہے۔ اور اُس سب کا استعمال کرتا ہے۔ جو قدرت اُس کے سامنے رکھتی ہے۔ روح القدس آج مجھے اس کشتی کی طرف اشارہ کرتا ہے جس پر خدا کی محبت کا پرچار کیا جا سکتا ہے۔





## مقدسہ کنواری مریم کا یومِ ولادت

میکا 4-1:5 یا رومیوں 30-28:8 زبور: 12

## مقدس متی 23-18,16-1:1

### ''تُو اس کا نام یسوع رکھے گا''۔ مقدس متی 27:1

اے نیک باپ مریم کی زندگی کے لئے تیرا شکر ہو۔ جس کی پیدائش کی آج ہم عید منا رہے ہیں۔ اس کی زندگی بڑی انمول ہے۔ وہ ہمیں ایک بچہ عنایت کرے گی۔ جس کا نام مقدس یوسف یسوع رکھے گا۔ یعنی خدا نجات بخشتا ہے۔ اب میں بھی پکار سکتا ہوں۔ اے یسوع اے یسوع۔ بالکل مقدسہ مریم کی طرح بھروسے سے۔ اور زندگی حاصل کرونگا۔ شکریہ اے مریم۔

## مقدس پطرس کلاور

کلسیوں 23-21:1 — زبور 53

مقدس لُوقا 5-1:6

**"ابنِ انسان سبت کا بھی مالک ہے"۔مقدس لوقا 5:6**

یسوع مسیح فریسیوں کو جواب دے رہا ہے۔ یہ تمام تر اصولوں پر عمل کرنے کے باوجود خدا سے حقیقی رابطہ نہیں رکھتے تھے۔ وہ پیسے اور اپنی عزت و احترام سے بندھ گئے ہوئے تھے۔اس لئے وہ الہامی کتابوں کو سمجھ نہیں سکتے تھے۔ یسوع ان کو سمجھانے کی کوشش کرتا ہے۔ کہ باپ اوّلین طور پر محبت ہے۔اور اس کی محبت مسیحا میں موجود ہے۔ جو کہ اپنی ہر شریعت کا متبدی ہے۔





حزقیال 9-7:33 — زبور:94

رومیوں 10-8:13 — مقدس متی 20-15:18

**'جہاں دو یا تین میرے نام سے اکٹھے ہیں۔میں ان کے درمیان ہوں۔" مقدس متی 20:18**

جب کبھی میں اپنے ایمانی بھائیوں سے ملتا ہوں۔تو ہمیشہ خوشی محسوس کرتا ہوں مجھے یاد ہے کہ کئی سال بعد جب میں بھائیوں کی شراکت میں تھا اور نا اُمیدی کی روح سے آزاد کیا گیا تھا تو جی اٹھا یسوع وہاں موجود تھا۔ اپنے ان بھائیوں کے ساتھ۔اور مجھے ایسی خوشی بخشی جس کا میں تصور بھی نہیں کر سکتا تھا۔

کلسیوں 1:24-2:3
زبور:61

مقدس لوقا 6:6-11

**"یسوع مسیح نے اس آدمی سے کہا: اپنا ہاتھ آگے بڑھا۔" مقدس لوقا 6:10**

جو یسوع مسیح نے کیا حیرت انگیز ہے۔ وہ جسے بھی ملا۔ اس نے اس سے شفا پائی۔ جیسے وہ سوکھے ہاتھ والا شخص۔ بدقسمتی سے کئی ایسے ہیں۔ جو نہ خداوند یسوع مسیح کو اور نہ ہی انسان کو پیار کرتے ہیں۔ اے یسوع تیرا شکریہ کہ تو نے اپنی بھلائی سے مجھے خود قبول کرنے کا فضل دیا۔ تو میرے ٹھنڈے ہاتھوں کو گرمائش اور صحت دے رہا ہے۔





## مقدس مریم کا پاک ترین نام

کلسیوں 2:6-15
زبور:144

مقدس لوقا 6:12-19

**"یسوع مسیح پہاڑ پر دُعا کرنے چلا گیا"۔ مقدس لوقا 6:12**

یسوع مسیح کو دُعا کی اوقات اور جگہیں تلاش کرتے ہوئے دیکھنا اچھا لگتا ہے۔ کون جانے باپ یسوع مسیح کی دُعا کتنی خوشی سے سنتا ہوگا۔ وہ اپنے لئے کچھ نہیں مانگتا۔ کیونکہ وہ مکمل طور پر باپ کی محبت میں مدغم ہونا چاہتا ہے۔ تاکہ اس میں ایک ہو جائے اور پوری دنیا کو محبت سے بھر دے۔

## مقدس جان کرزاسٹم

کلسیوں 3:1-11 زبور 144

مقدس لوقا 6:20-26

**’’مبارک ہو تم جب ابنِ انسان کی خاطر لوگ تم سے کینہ رکھیں۔‘‘ مقدس لوقا 6:22**

میں نے اپنے خاندان میں سے ایک شخص کو تنبیہ کے لئے بلایا۔ اور اس کے ساتھ بڑی عزت اور اختیار سے پیش آتے ہوئے کیا۔ لیکن میں نے اپنی مرضی سے اس کی ڈھٹائی کو سہہ لیا۔ اور یسوع مسیح کا شکریہ ادا کیا جب میں اسے بڑے صبر اور اطمینان سے اس کے معافی پوچھنے پر معاف کر سکا۔





## پاک صلیب کی سرفرازی

عدد 21:4-9 یا فلپیوں 2:6-11 زبور: 77

مقدس یوحنا 3:13-17

**’’اور جیسے موسیٰ نے بیابان میں سانپ کو بلند کیا اسی طرح ضرور تھا کہ ابنِ انسان بھی اُٹھایا جائے۔‘‘ مقدس یوحنا 3:14**

یسوع مسیح موسیٰ کا حوالہ دے رہا ہے۔ جب خدا نے بیابان میں اسے حکم دیا تھا کہ ایک پیتل کا سانپ بنائے اور اسے بلے پر اونچا کرے تا کہ جو سانپ سے ڈسے ہوئے پر نظر کریں وہ شفا پائیں خدا پر ایمان کے ایک عمل سے۔ اسی طرح یسوع مسیح نے نیکودیمس سے کہا کہ وہ بھی اٹھایا جائے گا۔ اس طرح اس نے اپنی موت اور نجات دہندہ کے مشن کی پیشنگوئی کی۔ جو یسوع مسیح کو دیکھے اور اسے جو بے گناہ صلیب پر مرتا ہے۔ وہ زندگی بخش روح پائے گا۔

## دُکھیاری مقدسہ کنواری مریم

عبرانیوں 5:7-9 زبور:30

مقدس لوقا 2:33-35

**"بیٹا ہوتے ہوئے بھی اس نے فرمانبرداری سیکھی"۔عبرانیوں 5:8**

خُداوند یسوع مسیح خُدا کے بیٹے نے باپ کی فرمانبرداری کی اور فراخ دلی سے خود کو نذر کر کے خوشی حاصل کی۔ تو انسان بنا تا کہ ہماری مانند فرمانبرداری کی مشقت کو جان سکے۔ تیری غمزدہ ماں نے بھی یہی کیا۔ اِسی لئے ہم اپنے تمام مصائب و مشکلات میں اپنی اس ماں اور بہن کو اپنے قریب محسوس کرتے ہیں۔

---

---

---

---

---

---

---

---





## مقدس کرنیلیس پاپائے اعظم اور مقدس سپرین

1 تیموتاوس 1:15-17 زبور 112

مقدس لوقا 6:43-49

**"جو میرا کلام سنتا اور اس پر عمل کرتا ہے۔اس نے اپنی بنیادیں چٹان پر رکھیں۔" مقدس لوقا 6:47-48**

اکثر یہ انجیل شادی کے موقع پر پڑھی جاتی ہے۔ جو اپنے خاندان کی بنیاد یسوع مسیح کے کلام پر رکھتا ہے۔ اسے استحکام کی ضمانت ملتی ہے۔ اور روزمرہ کی دعا دلہن اور دلہا کے دل میں متحد زندگی میں کلام کے مطابق زندگی بسر کرنے میں مدد دے گی۔ وہ اپنی پوری قدرت اور قوت سے ان کی مستقل مزاجی میں اور ان کے مشکل دنوں میں انہیں قوت دے گی۔

---

---

---

---

---

## مقدس رابرٹ بلارمین

یشوع بن سراخ 7:28:30:27 زبور102

رومیوں 9-7:14 مقدس متی 35-21:18

**"کتنی دفعہ معاف کروں؟ سات کے ستر مرتبہ"۔ مقدس متی 21-22:18**

مقدس پطرس کے لئے یسوع کا جواب بڑا اصاف ہے۔ وہ چاہتا ہے۔ کہ وہ ہمیشہ معاف کرے وہ اسے اس کی وجہ سے سخت دل خادم کی تمثیل کے ساتھ بتاتا ہے۔ جو کہ بڑا واضع ہے۔ ہمیں زندگی دینے کے لئے باپ کو اپنے پیارے بیٹے کے لہو کی قیمت چکانا پڑی۔ پھر ہم کس طرح اپنے بھائی کو بغیر معافی لوٹا سکتے ہیں؟ ہم بھی پھر حقیقت میں سنگدل ہونگے نہ بادشاہی کے لائق اور نہ ہی اس کے قابل ہونگے۔





1 تیموتاوس 8-1:2 زبور:27

مقدس لوقا 18-1:7

**"میں نے اسرائیل میں بھی اتنا بڑا ایمان نہیں پایا۔" لوقا 9:7**

رومن صوبہ دار کے ایمان کے سامنے یسوع مسیح حیران اور خوش ہے۔ وہ کہتا ہے کہ اس کی ضرورت نہیں کہ تو میرے گھر آئے جو یہودیوں کے مطابق ناپاک ہے۔ وہ اسے مشورہ دیتا ہے کہ تو صرف کہہ ہی دے اور اس کا غلام اچھا ہو جائیگا۔ آج میں تیرے کلام پر توجہ کرونگا۔ اسے ہر موقع پر اپنے ساتھ روشنی کی مانند رکھونگا۔ جو کہ صحت اور تحفظ ہے۔

## مقدس جنواریوس

1 تیموتاوس 13-1:3 — زبور: 100

مقدس لوقا 17-11:7

**"اے لڑکے تجھ سے کہتا ہوں اٹھ۔" مقدس لوقا 14:7**

اے یسوع مسیح تو نے اس غریب بیوہ عورت پر ترس کھایا۔ اور تو اس کے بیٹے سے جو مر چکا تھا زندگی واپس دینے کے لئے اور اس کی ماں کو دوبارہ اُس کا بیٹا دینے کے لئے متوجہ ہوا۔ تو اب بھی ہمارے ساتھ جی اُٹھا ہے اور اپنی کلیسیا میں زندہ ہے۔ ہم تیرے سامنے ان نوجوانوں کو جن میں تیری زندگی نہیں اور تو ان کو پریشانی میں نہیں چھوڑے گا۔ کیونکہ تو ان کے باپ اور ماں کی محبت سے بے حد پیار کرتا ہے۔





## مقدس اندریاس کم تیاگون، مقدس پولوس چونگ حاسنگ اور ساتھی

1 تیموتاوس 16-14:3 — زبور: 110

مقدس لوقا 35-31:7

**"اور تم کہتے ہو۔ محصلوں اور گنہگاروں کا یار"۔ مقدس لوقا 34:7**

یہ بہت سوں کے لئے یسوع کے انکار کو درست ٹھہراتا تھا۔ اسی طرح انہوں نے یوحنا بپتسمہ دینے والے پر تنقید کی اور اسے رد کیا جو کہ روزے رکھتا تھا لیکن جس کے سینے میں بیٹے کا دل ہے۔ یسوع مسیح جو کہتا ہے وہ اس کی سنتا ہے اور وہ اپنی زندگی اور کلام کے ساتھ اس کا تجزیہ کرتا ہے۔ اس طرح وہ بہت سے لوگوں کے ساتھ اس کے جی اٹھنے کے بعد یہ کہہ سکے گا۔ کہ یہ اپنے کلام اور کاموں میں ایک بہت بڑا نبی ہے۔

## مقدس متی رسول انجیل نویس

افسیوں 4:7,11-13　　　زبور:18

مقدس متی 9:9-13

**''یسوع مسیح نے ایک آدمی کو دیکھا اور کہا۔ میرے پیچھے ہو لے۔'' مقدس متی 9:9**

اے مقدس متی تو بڑا خاص رسول ہے۔ تو اُن میں سے چنا گیا ہے۔ جو یسوع مسیح کے مطابق گناہگار تھے۔ تو اپنی انجیل میں کچھ بھی چھپاتا نہیں۔ تیری مثال بہت سوں کو ایمان اور بھروسے سے یسوع مسیح کے قریب آنے میں حوصلہ دے کی اگرچہ ان کی زندگی میں گناہ بھی کیوں نہ موجود ہو۔





1 تیموتاوس 6:2-12　　　زبور:48

مقدس لوقا 8:1-3

**''اس کے ساتھ بارہ (رسول) اور کچھ عورتیں تھیں۔'' مقدس لوقا 8 : 1 2**

اے یسوع مسیح تو نے بڑی سادگی سے اپنی رسالت کا آغاز کیا اُور بہت سے سادہ مرد و خواتین کو تو نے اپنی سچائی اور فراخدلی سے جیت لیا۔ تاکہ وہ تیرے ساتھ تیرے مشن میں تیرا ہاتھ بٹا سکیں۔ اے یسوع مسیح آج بھی تیری کلیسیا کی وساطت سے جو سادہ بھائیوں اور بہنوں سے بنائی گئی ہے۔ جن کی زندگیوں کی بنیاد تیری ذات پر ہے۔ وہ دنیا میں تیری امید کا بیج بوتے ہوئے بڑھ رہے ہیں۔ تیرا شکریہ کہ تو مجھے بھی قبول کرتا ہے۔

## مقدس پادرے پیئو

1 تیموتاوس 16-13 زبور:99

مقدس لوقا 15-4:8

**"خدا کی بادشاہی کے بھیدوں کی معرفت تمہیں دی گئی ہے"۔مقدس لوقا 10:8**

جو یسوع مسیح کو پیار کرتے ہیں وہ اُسے اور اُس کی بادشاہی کو جاننے کے قابل ہو سکتے ہیں۔ جو اسے پیار نہیں کرتے وہ کسی اور چیز سے پیار کرتے ہیں اور ان کی خود غرضی بڑھتی جاتی ہے۔ اس لئے وہ نئی زندگی نہیں جی سکتے جیسے یسوع مسیح بادشاہ جو ہمارے لئے مُوا اس کی فرمانبرداری کرنے والے جیتے ہیں۔





اشعیا نبی 9-6:55 زبور:144

فلپیوں 27,24-20:1 مقدس متی 16-1:20

**"جو واجب ہے تمہیں دونگا"۔مقدس متی 4:20**

شام ڈھلے سب کو ایک دینار ملا۔ جنہوں نے سارا دن کام کیا تھا اور جس نے صرف آخری گھنٹہ کام کیا پہلے کام کرنے والے بڑبڑانے لگے۔ مالک ان کے ساتھ ایک نئے انصاف سے برتاؤ کر رہا تھا ایک انوکھا انداز جسے ہم یسوع مسیح کو صلیب پر دیکھتے ہوئے سیکھ سکتے ہیں۔ اس نے ڈاکو کو بھی وہی انعام دیا جیسے اپنے رسولوں کو۔ یہ انصاف وہ ہے۔ جو پیار کرتا اور پیار کرنا سکھاتا ہے۔

عزرا 1:1-6 زبور: 125

## مقدس لوقا 8:16-18

**”جس کے پاس ہے۔اسے دیا جائے گا۔“ مقدس لوقا 8:18**

بالکل اسی طرح ہوتا ہے۔ جس نے یسوع مسیح کو اپنا دل پیش کر دیا، جس نے اس کی سنُ لی، وہ اس کی دوستی کا تحفہ حاصل کر سکتا ہے اور اس میں ہمیشہ زیادہ ترقی کر سکتا ہے اَور اس کے پاس محبت ہے یعنی یسوع مسیح ہے۔ اس لئے وہ انہیں جو یسوع مسیح کو حلیمی اور بھروسے سے قبول کرتے ہیں۔ دیکھ کر خوش ہوتا ہے۔





## مقدس کاسمس، مقدس دامیان

عزرا 6:7-8,12,14-20 زبور 121

## مقدس لوقا 8:19-21

**”اس کی ماں اور بھائی یسوع مسیح کے پاس گئے“۔ مقدس لوقا 8:19**

یسوع مسیح نے جلد ہی مشاہدہ کر لیا۔ کہ اس کی ماں اور اِس کے بھائی وہ ہیں۔ جو خدا کا کلام سنتے اور اس پر عمل کرتے ہیں۔ ہم بھی اس کو پوری ذمہ داری اور سنجیدگی سے سنیں گے اور عمل میں لائیں گے۔ اس طرح جب ہم اس کے پاس اپنی یا دوسروں کی جنہیں ہم پیار کرتے ہیں ضرورت کے تحت جائیں تو وہ ہمیں اپنی ماں یا اپنے بھائیوں کی مانند پہچان لے گا اور پریشان حال نہ چھوڑے گا۔

## مقدس ونسنٹ ڈی پال

عزرا 9:5-9     زبور، طوبیاہ 13:2-5

طوبیاہ 13:2-5     مقدس لوقا 9:1-6

### ''یسوع مسیح نے ان بارہ کو بلایا''۔مقدس لوقا 9:1

اے یسوع مسیح آج بھی ہمیں اپنے پاس بلا۔اتوار کی عبادتوں میں، ہمیں بتا کہ تو ہمیں پیار کرتا ہے۔تو ہمیں اپنے کلام اور اپنی روٹی سے مضبوط کر اور پھر ہمیں بھیج وہاں جہاں تک پہنچ پائیں۔ہمارے خاندانوں اور ہمارے کام کے ماحول میں ہر ایک تیرا منتظر ہے۔ہم تجھے لے جائیں گے۔جیسے تیرے شاگرد تجھے لے گئے جن کو تو نے صرف غریبی سے لیس کر کے بھیجا۔





## مقدس ونسلاس، مقدس لارنس روئز اور ساتھی

حجائی 1:1-8     زبور: 149

مقدس لوقا 9:7-9

### ''پہاڑ پر چڑھو تو میں اپنا جلال دکھاؤں گا''۔حجائی 1:8

جلاوطنی سے واپس آئی ہوئی قوم کو نبی حوصلہ دیتا ہے تاکہ ہیکل کو دوبارہ تعمیر کریں۔''پہاڑ پر چڑھو لکڑی لے جاؤ''۔ہیکل میں خداوند اپنی حضوری کو ظاہر کریگا اپنے وعدے یاد کریگا، اور ہمیں اپنی معافی عطا کریگا۔اب باپ کی ہیکل کا جلال ہم ہیں کلیسیا جو کہ یسوع پر ایمان رکھتے ہیں، حلیمی، برادرانہ، محبت اور اپنی ذاتی قربانی کے ساتھ صرف اس کی محبت کے لئے اور ہم میں سے ہر ایک اُس ہیکل کو تعمیر کریگا۔

## مقرب فرشتگان، میکائیل، جبرائیل، رفائیل

دانیال 7:9-10,13-14 مکاشفہ 12:7-12

زبور: 137 مقدس یوحنا 1:47-51

**''ابنِ انسان پر تم خدا کے فرشتوں کو اترتے اور چڑھتے دیکھو گے''۔ مقدس یوحنا 1:51**

اے ابنِ انسان تو جو باپ کے دہنے ہاتھ بیٹھا ہے۔ پاک اور پوتر پُر نور روحیں تجھے سجدہ اور تیری خدمت کرتی ہیں۔ اور تو انہیں ہماری راہوں پر بھیجتا ہے۔ تاکہ تیری طرف سے ہمارے سفر میں ہماری رہنمائی کر سکیں۔ میکائیل تاکہ گمراہ کرنے والے دشمن کو شکست دے۔ جبرائیل تیری مرضی کا راستہ بتانے والا ہو جیسے اس نے مریم کے ساتھ کیا۔ رافائیل ہماری ذہنی اور جسمانی بیماریوں سے شفا دینے کے لئے۔ اے یسوع مسیح تیرا شکر ہو کہ تو نے ہمارے لئے آسمان کا راستہ کھول دیا۔ کہ تیرے ساتھ بغیر کسی خوف کے شراکت میں جئیں۔





## مقدس جیروم

زکریا 2:5-9,14-15 زبور: 31

مقدس لوقا 9:43-45

**''اور جو وہ کرتا تھا اسے دیکھ کر سب اس کی تعریف کرتے تھے''۔**

**مقدس لوقا 9:43**

انسانوں کی تحسین یسوع مسیح کے لیے اس کے مشن میں رکاوٹ نہیں بنتی اس کے لئے زیادہ اہم ہے کہ ہم اس کو درست طور پر جانیں۔ کہ وہ مسیحا ہے۔ خود خدا ہے جو اپنی قوم کو ملنے آیا ہے۔ اس کا سب سے بڑا معجزہ انسانوں کے لئے ایذائیں سہنا اور مرنا ہوگا تاکہ لوگ خداوند کی محبت کی بھرپوری دیکھیں اور اپنے دل کھولیں۔ اے یسوع مسیح تو ہماری محبت کے لائق ہے۔ اور اس لائق بھی ہے کہ ہم تیری جان کا نذرانہ، جو تو نے صلیب پر دیا اس میں تیرے ساتھ شریک ہوں۔